# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 08 February-2026

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۸/فروری ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہیں خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ نکسلی کارروائیوں سے متاثرہ علاقوں میں ترقی کی نئی صبح طلوع ہوئی ہے: صدرِ جمہوریہ کا بیان۔

☆ ضلع پریشد اور پنچایت سمیتیوں کے عام انتخابات کی رائے دہی کا عمل مکمل؛ کل کی جائیگی ووٹوں کی گنتی۔

☆ مراٹھواڑہ کے چار اضلاع میں اوسطاً 67 فیصد رائے دہی کا اندازہ۔

☆ چھترپتی سمبھاجی نگر میں قدیم آثار کے تحفظ کیلئے لیبارٹری کے قیام کیلئے مفاہمت نامے پر دستخط۔

☆ جالنہ ضلعے میں جعلی نوٹوں کے لین دین میں ملوث گروہ کا پولس نے کیا پردہ فاش۔

اور۔۔۔☆ آئی سی سی T20 کرکٹ عالمی کپ ٹورنامنٹ میں بھارت کا فاتحانہ آغاز۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے...

صدرِ جمہوریہ دَروپدی مُرمو نے کہا ہے کہ نکسل مخالف مہم کی وجہ سے نکسل سے متاثرہ علاقوں میں خوف کا ماحول ختم ہوگیا ہے اور ترقی کی نئی صبح طلوع ہوئی ہے۔ کل چھتیس گڑھ کے جگدل پور میں بستر پنڈُم تہوار کے افتتاح کے موقعے پر خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا....

**Byte: President Draupadi Murmu**

گڑچرولی ضلعے میں مہاراشٹر اور چھتیس گڑھ کی سرحد پر حفاظتی دستوں کے ساتھ تصادم میں سات نکسلائیٹس مارے گئے۔ پولس سپرنٹنڈنٹ نیلوتپل نے بتایا کہ اس علاقے میں اب صرف سات نکسلائیٹ رہ گئے ہیں۔ وہ کل ایک اطلاعی کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے یقین ظاہر کیا کہ گڑچرولی ضلع 31 مارچ تک نکسلیوں سے پاک ہوجائے گا۔

***** ***** *****

ریاست کی 12 ضلع پریشدوں اور 125 پنچایت سمیتی کے عام انتخابات کیلئے رائے دہی کا عمل کل پُرامن طریقے سے مکمل ہوا۔ ان ووٹوں کی گنتی کل 9 تاریخ کو کی جائے گی۔

مراٹھواڑہ کی چار ضلع پریشدوں اور 36 پنچایت سمیتیوں چھترپتی سمبھاجی نگر، پربھنی، لاتور اور دھاراشیو میں بھی رائے دہی کی گئی۔

ضلع انتخابی محکموں کی اطلاع کے مطابق چھترپتی سمبھاجی نگر ضلعے میں 72اعشاریہ 69 فیصد، پربھنی ضلعے میں 55اعشاریہ 71 فیصد، لاتور ضلعے میں تقریباً 75 فیصد، اور دھاراشیو ضلعے میں تقریباً 65 فیصد رائے دہی کا اندراج کیا گیا۔

***** ***** *****

نائب وزیرِ اعلیٰ سُنیترا پوار نے بارامتی کے کاٹے واڑی میں اپنا حقِ رائے دہی ادا کیا' ریاستی وزیر بابا صاحب پاٹل نے لاتور ضلعے کے شِرور تاج بند میں اپنے ووٹ کا حق ادا کیا، اراکینِ اسمبلی ابھیمنیو پوار نے کاسار شِرشی میں جبکہ سمبھا جی پاٹل نیلنگیکر نے اوراد شاہ جنی میں' امیت دیشمکھ اور دھیرج دیشمکھ نے با بھڑ گاؤں میں اپنا ووٹ ڈالا۔

پربھنی ضلعے کی رابطہ وزیر میگھنا بورڈ یکر نے جنتور تعلقے کے بورڈی میں اپنا ووٹ ڈالا۔

چھترپتی سمبھا جی نگر ضلعے میں، رکنِ اسمبلی ولاس بھومرے نے پیٹھن میں، انورادھا چوہان اور جالنہ کے رکنِ پارلیمان کلیان کالے نے پھلمبری میں اور سابق وزیر عبدالستار نے سلوڑ میں حقِ رائے دہی ادا کیا۔

رکنِ پارلیمان اوم پرکاش راجے نمبالکر نے دھاراشیو تعلقے کے گوور دھن واڑی میں، رُکنِ اسمبلی تاناجی ساونت نے پرنڈا تعلقے کے مُگاؤں میں، رکنِ اسمبلی کیلاس پاٹل نے ساروڑا میں اور رانا جگجیت سنگھ پاٹل نے تیر میں اپنی اہلیہ کے ہمراہ ووٹ کا حق استعمال کیا۔

***** ***** *****

ناندیڑ میونسپل کارپوریشن کے میئر کے عہدے کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل کل مکمل ہوگیا۔اس میونسپل کارپوریشن میں بی جے پی-شیو سینا اتحاد، کانگریس-ونچیت بہوجن آگھاڑی اتحاد اور ایم آئی ایم کے درمیان سہ رخی مقابلہ ہونے کا امکان ہے۔میئر اور ڈپٹی میئر انتخابات کیلئے منگل کو میونسپل کارپوریشن کا خصوصی اجلاس منعقد ہوگا۔

مالیگاؤں میونسپل کارپوریشن کے میئر کے عہدے پر اسلام پارٹی کی نسرین بانو خالد شیخ اور ڈپٹی میئر کے عہدے پر سماج وادی پارٹی کی شانِ ہند نے کامیابی حاصل کی۔کل منعقدہ خصوصی اجلاس میں انتخابی عمل مکمل کیا گیا۔

***** ***** *****

بھارتیہ جنتا پارٹی نے کل ممبئی میونسپل کارپوریشن کے میئر کے عہدے کیلئے رِیتو تاوڑے کے نام کا اعلان کیا، جبکہ شیوسینا نے ڈپٹی میئر کے عہدے کیلئے سنجے گھاڑی کو اپنا امیدوار بنایا ہے۔بی جے پی کے ممبئی کے صدر اَمیت ساٹم نے رِیتو تاوڑے کی امیدواری کا اعلان کیا، جبکہ شیوسینا کے رہنما راہل شیواڑے نے سنجے گھاڑی کی امیدواری کا اعلان کیا۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

سیشیلس کے صدر پیٹرک ہرمینی کی بھارت کے پانچ روزہ دورے پر کل ممبئی آمد ہوئی۔انہوں نے کل بندرگاہوں اور جہاز رانی کے مرکزی وزیر سروانند سونووال سے بات چیت کی۔ساتھ ہی بھارتی صنعتی کارپوریشن (CII) کے زیرِ اہتمام بھارت-سیشیلس صنعتی گول میز کانفرنس میں بھی شرکت کی۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھا جی نگر شہر کے چھترپتی شیواجی مہاراج میوزیم کے احاطے میں ایک تحفظاتی تجربہ گاہ کے قیام کے سلسلے میں کل INTAC اور میونسپل کارپوریشن کے درمیان ایک معاہدہ کیا گیا۔میونسپل کمشنر اور ایڈمنسٹریٹر جی شری کانت اور INTAC کی چھترپتی سمبھا جی نگر چیپٹر کو آرڈینیٹر اور سینئر آرکیٹیکٹ مایا ویدیہ نے اس مفاہمت نامے پر دستخط کیے۔اس معاہدے سے چھترپتی سمبھا جی نگر میں قدیم اشیاء، مخطوطات اور مصوری کے نمونوں کو سائنسی اعتبار سے محفوظ کرنا ممکن ہوگا۔INTAC کی ملک بھر میں پانچ کنزرویشن لیبارٹریز ہیں۔جبکہ چھترپتی سمبھا جی نگر میں قائم ہونے والی لیبارٹری مہاراشٹر کی اوّلین لیبارٹری ہے۔

***** ***** *****

عنبڑ پولس نے کل جالنہ ضلعے کے عنبڑ شہر میں 500 روپے کے جعلی نوٹوں کا لین دین کرنے والے ایک گروہ کا پردہ فاش کیا۔اس کارروائی میں پولس نے ایک لاکھ 22 ہزار روپئے مالیت کے 244 جعلی نوٹ ضبط کر کے پانچ ملزمان کو گرفتار کرلیا۔اس معاملے میں ایک نابالغ بچے کے بھی ملوث ہونے کا انکشاف ہوا ہے، جبکہ نقلی نوٹ فراہم کرنے والے سرغنہ کو چھترپتی سمبھا جی نگر سے گرفتار کیا گیا ہے۔ملزمان کے خلاف عنبڑ پولس اسٹیشن میں معاملہ درج کرلیا گیا ہے۔

***** ***** *****

ناسک کے عوامی دارالاقامہ کی جانب سے دیے جانے والے فرض شناس ممبر آف پارلیمنٹ ایوارڈ کیلئے اس سال دھاراشیو کے رکنِ پارلیمان اوم راجے نمبالکر کا انتخاب کیا گیا ہے۔ بزرگ سماج وادی رہنماء اور صحافی مادھوراؤ لیمے کی یاد میں ان کے خاندان کے عطیات سے ایک سال کے وقفے سے فعال رکنِ اسمبلی و رکنِ پارلیمان کو یہ ایوارڈ دیا جاتا ہے۔ یہ ایوارڈ پچاس ہزار روپئے نقد اور ایک یادگاری شیلڈ پر مشتمل ہے۔

***** ***** *****

آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی کرکٹ کا عالمی کپ ٹورنامنٹ کل سے شروع ہوگیا۔ بھارت نے اپنے پہلے میچ میں امریکہ کو 29 رنز سے شکست دے کر اپنی مہم کا فاتحانہ آغاز کیا۔ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں کھیلے گئے اس میچ میں امریکی ٹیم نے ٹاس جیت کر گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔تاہم' بھارتی اننگ کا آغاز مایوس کُن ثابت ہوا اور ابھیشیک شرما اور شیوم دُوبے صفر پر آؤٹ ہوگئے۔جبکہ ایشان کشن 20، تلک ورما 25 ' رنکو سنگھ اور ہارد ک پانڈیا بالترتیب چھ اور پانچ رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ سوریہ کمار یادو نے ذمہ دارانہ بلّے بازی کرتے ہوئے 10 چوکوں اور چار چھکوں کی مدد سے 84 رنز بنائے، جس کی مدد سے بھارت کا مجموعی اسکور 161 تک پہنچ گیا۔ اس ہدف کے تعاقب میں امریکی ٹیم 20 اوورز میں آٹھ وکٹوں کے نقصان پر صرف 132 رنز ہی بنا سکی۔امریکی ٹیم سے کھیلنے والے دہلی کے ملند کمار، پونے کے شبھم رانجنے اور سنجئے کرشنا مورتی کے علاوہ دیگر بلے باز پچ پر زیادہ دیر ٹک نہیں پائے۔جبکہ امریکی ٹیم کیلئے کھیلنے والے ممبئی کے سوربھ نیتر اوالکر بھی گیند بازی میں زیادہ کمال نہیں دکھا سکے اور اپنے چار اوورز میں 65 رنز دے دیے۔ناٹ آؤٹ 84 رنز بنانے والے کپتان سوریہ کمار یادو کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

اس سے قبل کل' کولمبو میں کھیلے گئے عالمی کپ کے افتتاحی میچ میں پاکستان نے نیدرلینڈ کو تین وکٹوں سے ہرایا' جبکہ کولکتہ میں کھیلے گئے دوسرے میچ میں ویسٹ انڈیز نے اسکاٹ لینڈ کو 35 رنز سے شکست دی۔

اس ٹورنامنٹ میں آج' نیوزی لینڈ اور افغانستان، انگلینڈ اور نیپال اور سری لنکا اور آئرلینڈ کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی۔ جبکہ بھارت کا اگلا مقابلہ 12 تاریخ کو نامبیا کے خلاف ہوگا۔

***** ***** *****

قومی کرکٹ بورڈ (BCCI) نے انڈر 19 کرکٹ عالمی کپ جیتنے والی بھارتی ٹیم کیلئے ساڑھے سات کروڑ روپے کے انعامات کا اعلان کیا ہے۔ بھارت نے چھٹی بار یہ عالمی کپ اپنے نام کیا ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھا جی نگر کے 28 امتحانی مراکز پر کل سے اساتذہ کے اہلیتی امتحان (TET) کا آغاز ہوا۔ان 28 مراکز پر امتحان کیلئے 12 ہزار 660 امیدواروں نے رجسٹریشن کرایا ہے۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے کے کیج تعلقے کے ییڑ یشوری شکر کارخانے کے احاطے میں آنجہانی نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوار کی ایک عظیم الشان یادگار تعمیر کی جائے گی۔ یہ اعلان بیڑ کے رکنِ پارلیمان بجرنگ سونو نے نے کیا۔ وہ ییڑ یشوری شکر کارخانے کے احاطے میں منعقدہ صحافتی کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**اورآخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر...**

☆ نکسلی کارروائیوں سے متاثرہ علاقوں میں ترقی کی نئی صبح طلوع ہوئی ہے: صدرِ جمہوریہ کا بیان۔

☆ ضلع پریشداور پنچایت سمیتیوں کے عام انتخابات کی رائے دہی کا عمل مکمل؛ کل کی جائیگی ووٹوں کی گنتی۔

☆ مراٹھواڑہ کے چار اضلاع میں اوسطاً 67 فیصد رائے دہی کا اندازہ۔

☆ چھترپتی سمبھا جی نگر میں قدیم آثار کے تحفظ کیلئے لیبارٹری کے قیام کیلئے مفاہمت نامے پر دستخط۔

☆ جالنہ ضلعے میں جعلی نوٹوں کے لین دین میں ملوث گروہ کا پولس نے کیا پردہ فاش۔

اور۔۔۔☆ آئی سی سی T20 عالمی کپ ٹورنامنٹ میں بھارت کا فاتحانہ آغاز۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی آ کاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****